

# ای ایف یو تکافل زینت پلان

جہاں آپ کی خواہشات اپنی عروج
کو پہنچتی ہیں !

شرائط و ضوابط لاگو ہیں

Distributed by

HEMAYAH
EFU FAMILY TAKAFUL

faysalbank

## ای ایف یو تکافل زینت پلان:

ای ایف یو تکافل زینت پلان کے ساتھ اپنے ورثے کی تعمیر کا سفر شروع کریں اور مالی منصوبہ بندی کی بلندیوں کا تجربہ حاصل کریں۔ یہ آپ کو ایک منفرد الاٹمنٹ اسکیم، مکمل تحفظ، اور مستقبل کی خوشحالی کے مواقع فراہم کرتا ہے۔ یہ صرف ایک پلان نہیں بلکہ آپ کی مالی ترقی کی جانب دروازہ ہے۔

ای ایف یو تکافل زینت پلان کے ساتھ، آپ کے لیے بہتر ترقی اور مضبوط تحفظ کی دنیا کھول دیتا ہے۔

کوئی بار بار کی ادائیگی نہیں، کوئی ماہانہ پریشانی نہیں۔ صرف ایک ہی سرمایہ کاری اور پھر اطمینان سے اپنے سرمائے کو بڑھتے دیکھیے۔

یہ صرف ایک پلان نہیں بلکہ آپ کی مالی زینت کی جانب ایک راستہ ہے۔

## پروڈکٹ کی وضاحت:

یہ ایک فیملی تکافل پروڈکٹ ہے جس میں دو بنیادی عناصر شامل ہیں: تحفظ اور سرمایہ کاری۔ سرمایہ کاری کا جزو یونٹ لنکڈ فنڈز کے تحت بنیادی اثاثوں کی کارکردگی سے منسلک ہے۔ ای ایف یو تکافل زینت پلان، ایف بی ایل (فیصل بینک لمیٹڈ) کے ذریعے ای ایف یو لائف–ونڈو تکافل آپریشنز کے ساتھ ڈسٹری بیوشن ایگریمنٹ کے تحت پیش کیا جا رہا ہے۔

## فری لک پیریڈ:

اگر آپ ممبرشپ دستاویز موصول ہونے کے 14 دنوں کے اندر اپنی ممبرشپ منسوخ کرنے کا فیصلہ کرتے ہیں، تو آپ کو جمع کردہ کنٹری بیوشن واپس کر دیا جائے گا، البتہ وہ اخراجات منہا کر کے جو ای ایف یو لائف–ونڈو تکافل آپریشنز نے میڈیکل یا کلینیکل معائنہ جات پر کیے ہوں۔

## تکافل پلان اور اس کا طریقہ کار:

تکافل شریعت کے مطابق ایک ایسا طریقہ ہے جس کے ذریعے افراد اور ان کے خاندان مستقبل کے مالی نقصانات سے تحفظ حاصل کرتے ہیں۔ یہ تعاون، اخوت اور اجتماعی بھلائی کے اصول پر مبنی ہے۔ ای ایف یو لائف کا تکافل ماڈل وکالت–وقف اصول پر قائم ہے۔ شرکاء اپنی رقوم وقف فنڈ میں جمع کراتے ہیں جو کہ تکافل آپریٹر کے زیر انتظام ہوتا ہے۔ شرکاء کو تکافل ڈونیشن (تبرع) کے ذریعے سرپلس شیئرنگ کا بھی موقع مل سکتا ہے۔ ہر سال کے اختتام پر شریعہ ایڈوائزر اور مقررہ ایکچوئری کی منظوری کے بعد، شرکاء میں ممکنہ سرپلس تقسیم کیا جاتا ہے۔

## پلان کے خصوصی فوائد:

ای ایف یو تکافل زینت پلان ایک منفرد الاٹمنٹ ڈھانچے کے ساتھ پیش کیا جاتا ہے جس میں یکمشت سرمایہ کاری، کوریج میں اضافے کی سہولت، اور خصوصی پرائمس بینیفٹس شامل ہیں۔

| ویرینٹ | مدت | کم از کم کنٹری بیوشن | یکمشت سرمایہ کاری |
|---|---|---|---|
| ویرینٹ A | 5 سال | 250,000 روپے | 1,250,000 روپے |
| ویرینٹ B | 10 سال | 250,000 روپے | 2,500,000 روپے |

## یونٹ الوکیشن :

بنیادی پلان کا وہ تناسب جو سرمایہ کاری کے لیے مختص کیا جاتا ہے درج ذیل ہے:

| ویریئنٹ A اور B | | |
|---|---|---|
| ممبرشپ سال | کنٹری بیوشن الوکیشن | الاٹمنٹ چارجز |
| پہلا سال | 90% | 10% |
| دوسرا سال | 95% | 5% |
| تیسرا سال اور بعد | 100% | 0% |

## زینت پلان کے فوائد:

### تحفظ کا فائدہ:

اگر خدانخواستہ بیمہ شدہ فرد کا انتقال ہوجائے تو نامزد مستفید کنندگان کو درج ذیل رقوم ادا ہوں گی:

سم کور + بنیادی کیش ویلیو + ایڈہاک کیش ویلیو

### میچورٹی فائدہ:

مدت کے اختتام پر، بشرطیکہ بیمہ شدہ زندہ ہو، درج ذیل فوائد ادا ہوں گے:

کل کیش ویلیو + ایڈہاک کیش ویلیو

### قبل از وقت ان کیشمنٹ (Early Withdrawal):

اگر آپ کو ہنگامی طور پر نقدی درکار ہو تو آپ اپنی پالیسی ان کیش کر سکتے ہیں۔ تاہم ابتدائی سالوں میں ویلیو کم ہوگی کیونکہ پلان طویل المدتی سرمایہ کاری کے لیے بنایا گیا ہے۔

ویریئنٹ A (5 سالہ پلان): اگر تیسری کنٹری بیوشن الاٹ ہونے سے پہلے پلان ان کیش کیا گیا تو پہلے دو سالوں کی کل کنٹری بیوشن کی کیش ویلیو پر سالانہ 50% اضافی وکالت الاستثمار فیس کٹوتی ہوگی۔

ویریئنٹ B (10 سالہ پلان): اگر دوسری کنٹری بیوشن سے پہلے پلان ان کیش کیا گیا تو پہلے سال کی کل کنٹری بیوشن کی کیش ویلیو پر 50% اضافی فیس لگے گی۔

## اختیاری فوائد (Optional Riders)

### تکافل حادثاتی موت کا فائدہ:

یہ رائیڈر حادثاتی موت یا معذوری کی صورت میں اضافی یکمشت رقم فراہم کرتا ہے۔

داخلے کی کم از کم / زیادہ سے زیادہ عمر: 18 سے 55 سال

ویریئنٹ A: کم / زیادہ مدت: 5 / 5 سال (پلان کی میچورٹی عمر 60 سال پر مشروط)

ویریئنٹ B: کم / زیادہ مدت: 5 / 10 سال (پلان کی میچورٹی عمر 60 سال پر مشروط)

سم کور بنیادی پلان کے سم کور کا 100% فراہم کرتا ہے (زیادہ سے زیادہ حد: 1 کروڑ روپے)۔

### تکافل حادثاتی موت اور معذوری پلس:

یہ رائیڈر حادثاتی موت یا مستقل و مکمل معذوری کی صورت میں اضافی یکمشت رقم فراہم کرتا ہے جو آپ کو مستقل طور پر معذور بنادے۔

داخلے کی کم از کم/زیادہ سے زیادہ عمر: 18 سے 55 سال

ویریئنٹ A: کم/زیادہ مدت: 5/5 سال (پلان کی میچورٹی عمر 60 سال پر مشروط)

ویریئنٹ B: کم/زیادہ مدت: 5/10 سال (پلان کی میچورٹی عمر 60 سال پر مشروط)

ان رائیڈرز کے کنٹری بیوشن کی مکمل ادائیگی ممبر شپ کے آغاز پر یکمشت کی صورت میں کی جائے گی۔

### اضافی مدت انشورنس:

یہ رائیڈر بنیادی پلان کے لائف کور کی سطح میں اضافہ کرتا ہے اور بیمہ شدہ فرد کی وفات کی صورت میں بنیادی پلان کے سم کور پر 50% سے 200% تک اضافی رقم فراہم کرتا ہے۔

### ترقی کے مواقع:

تمام دستیاب فنڈز کو سرمایہ کاری کے معیار کے مطابق ان کے رسک پروفائل کی بنیاد پر درجہ بند کیا گیا ہے۔

| فنڈ کا نام | تفصیل |
|---|---|
| **ای ایف یو تکافل کنزرویٹو فنڈ*** <br> ایسا فنڈ جس کا مقصد شریعت کے مطابق منافع فراہم کرنا ہے اور اس کا رسک پروفائل کنزرویٹو ہے۔ | فنڈ کی درجہ بندی: منی مارکیٹ فنڈ <br> رسک پروفائل: کم |
| **ای ایف یو تکافل گروتھ فنڈ** <br> ایسا فنڈ جو شریعت کے مطابق منافع فراہم کرنے کے ساتھ ساتھ معقول کیپیٹل گروتھ اور مستحکم منافع کے حصول کا ہدف رکھتا ہے۔ | فنڈ کی درجہ بندی: بیلنسڈ فنڈ <br> رسک پروفائل: درمیانہ |
| **ای ایف یو تکافل اَگریسیو گروتھ فنڈ** <br> ایسا فنڈ جو شریعت کے مطابق منافع فراہم کرتا ہے اور اس کا رسک پروفائل اَگریسیو ہے۔ | فنڈ کی درجہ بندی: اَگریسیو فنڈ <br> رسک پروفائل: زیادہ |
| **ملٹی پل فنڈز آپشن:** اس آپشن کے تحت آپ کو سہولت دی جاتی ہے کہ آپ پلان کے دو یونٹ لنکڈ فنڈز کا امتزاج منتخب کریں۔ <br> فنڈ مکس 10% کے اضافے میں منتخب کیا جا سکتا ہے۔ اس کا مطلب ہے کہ فنڈز کا تناسب 90/10، 80/20، 70/30، 60/40 یا 50/50 ہو سکتا ہے۔ | |

*ای ایف یو تکافل کنزرویٹو فنڈ بطور ڈیفالٹ منتخب ہوگا۔

### فنڈ ایکسیلیریشن کنٹری بیوشن:

### ابتدائی فنڈ ایکسیلیریشن کنٹری بیوشن:

ایڈوانس کنٹری بیوشنز کو دو حصوں میں تقسیم کیا جائے گا: ابتدائی فنڈ ایکسیلیریشن کنٹری بیوشن اور پہلی باقاعدہ کنٹری بیوشن۔

پہلی باقاعدہ کنٹری بیوشن کو مین پلان میں الاٹ کیا جائے گا جیسا کہ اوپر الاٹمنٹ میں بیان کیا گیا ہے۔

ایڈوانس بینیفٹس کنٹری بیوشنز (اگر کوئی ہوں) اور باقی رقم کو ابتدائی فنڈ ایکسیلیریشن کنٹری بیوشن میں منتقل کیا جائے گا۔ ہر ممبر شپ سالگرہ پر، مین پلان کی کنٹری بیوشن اور بینیفٹس کی کنٹری بیوشن اس ابتدائی فنڈ ایکسیلیریشن کیش ویلیو سے منہا کی جائے گی اور اسے بڈ ٹو بڈ بنیاد پر مین پلان میں دوبارہ سرمایہ کاری کیا جائے گا۔ اگر کوئی رائیڈر شامل ہو تو اس کی سالانہ کنٹری بیوشن بھی اسی سے ادا کی جائے گی۔

## بعدازاں فنڈ ایکسیلیریشن کنٹری بیوشن:

اگر اضافی رقوم دستیاب ہوں، تو یہ پلان شرکاء کو سہولت دیتا ہے کہ وہ انہیں پلان میں شامل کریں تا کہ بچت میں اضافہ ہو سکے۔ ان یکمشت کنٹری بیوشنز کو بعدازاں فنڈ ایکسیلیریشن کنٹری بیوشن کہا جاتا ہے اور یہ کسی بھی وقت ممبر شپ کے دوران جمع کرائے جا سکتے ہیں۔ بعدازاں فنڈ ایکسیلیریشن کنٹری بیوشن کی کم از کم رقم فی ادائیگی 250,000 روپے ہے۔

## ای ایف یو PlanIT موبائل ایپ

### صرف موجودہ شرکاء کے لیے:

اپنی ممبر شپ کی تفصیلات تک فوری رسائی حاصل کریں۔

دستاویزات جمع کروائیں اور لیونگ بینیفٹ کلیم کا اسٹیٹس ٹریک کریں۔

آپ کے پتے پر بھیجے گئے شپمنٹس کی صورتحال معلوم کریں۔

ادائیگی کی تفصیلات، تجدید کی تصدیق، ٹیکس سرٹیفکیٹ اور ڈپلیکیٹ رسید کی درخواست شروع کریں۔

اپنی ممبر شپ کی تجدید، کنٹری بیوشن ادائیگی کی تصدیق اور ممبر شپ لیپس ہونے کی صورت میں نوٹیفکیشن وصول کریں۔

ملک بھر میں خوراک، لائف اسٹائل، تفریح اور صحت کے ممتاز برانڈز پر خصوصی ڈسکاؤنٹس کے ساتھ ساتھ ای ایف یو لائف پرائمس لائلٹی پروگرام کے ذریعے انشورنس آفرز تک بھی رسائی حاصل کریں۔

## پرائمس – ایک دنیا صرف آپ کے لیے:

پرائمس لائف تکافل انڈسٹری میں اپنی نوعیت کا پہلا پروگرام ہے، جو ای ایف یو لائف کی جانب سے صرف ہائی نیٹ ورتھ کلائنٹس کے لیے پیش کیا گیا ہے۔ پرائمس کلائنٹس کو ذاتی نوعیت کی خدمات اور

خصوصی سہولیات فراہم کی جاتی ہیں، جن میں بڑے برانڈز پر ڈسکاؤنٹس شامل ہیں۔ یہ سہولیات پانچ بڑے شعبوں میں دستیاب ہیں: خوراک، لائف اسٹائل، تفریح، صحت وفلاح اور تکافل۔

## پرائمس لائلٹی پروگرام کا تعارف:

یہ ایک مکمل موبائل ایپ بیسڈ لائلٹی پروگرام ہے، جو ملک بھر میں 150 سے زائد پارٹنرز کے ساتھ ڈسکاؤنٹس اور مفت سہولیات فراہم کرتا ہے۔

خوراک (ریسٹورنٹس، کیفے، بیکرز وغیرہ)

لائف اسٹائل (کپڑے، جیولری، جوتے، ہوم ڈیکور وغیرہ)

تفریح (CIP لاؤنج، ٹریول اینڈ ٹورز وغیرہ)

صحت وفلاح (اسپتال، لیبز، فارمیسیاں وغیرہ)

خصوصی ویبینارز (جسمانی صحت، ذہنی سکون، غذائیت اور مزید موضوعات پر)

تکافل (ہیلتھ، موٹر تکافل، ہوم اور ٹریول)

آپ کی صحت اور فلاح و بہبود کے عزم کے تحت، ہمیں خوشی ہے کہ ہم آپ کو درج ذیل خصوصی فوائد پیش کر رہے ہیں:

پرائمس ہیلتھ اور ویلنس بینیفٹس: آپ کو ہماری ایگزیکٹو ہیلتھ چیک اَپ کی خصوصی سہولت حاصل ہوگی، جو ایک جامع اور پیشگی طبی پروگرام ہے۔ یہ پروگرام ہمارے اعلیٰ معیار کے پارٹنر اسپتالوں میں ترجیحی طبی معائنہ جات فراہم کرتا ہے تاکہ آپ کی صحت کو سہولت اور اطمینان کے ساتھ یقینی بنایا جا سکے۔ اس کے علاوہ آپ کو ذاتی نوعیت کے ویلنس سیشنز بھی فراہم کیے جائیں گے، جو آپ کی ضروریات کے مطابق ہوں گے اور ان میں شامل ہیں:

- اسٹریس مینجمنٹ
- ذاتی غذائی منصوبہ بندی
- متوازن طرزِ زندگی کے مؤثر طریقے

ای ایف یو ہیلتھ چیک اَپ کے حصے کے طور پر درج ذیل ٹیسٹ کیے جائیں گے:

1. بلی روبن (Bilirubin)
2. ایس جی او ٹی (AST)
3. ایس جی پی ٹی (ALT)
4. سیرم کریٹینائن (Serum Creatinine)
5. یورین تفصیلی رپورٹ (Urine Detailed Report)
6. مکمل خون کا تجزیہ (CBC-Complete Blood Count)
7. ای ایس آر بمع پلیٹلیٹس (with PlateletsESR)
8. وائٹ بلڈ سیل کاؤنٹ–لیوکوسائٹ (Count, LeukocyteWBC)
9. وائٹ بلڈ سیل کاؤنٹ–ڈفرینشل (Count, DifferentiaWBC)
10. ریڈ بلڈ سیل کاؤنٹ (Red Blood Cell Count)
11. ریڈ بلڈ سیل انڈیکسز (Red Blood Cell Indices)
12. ہیمیٹوکریٹ (Hematocrit)
13. پیکڈ سیل والیوم (Packed Cell Volume)
14. ہیموگلوبن (Hemoglobin)
15. پلیٹلیٹ کاؤنٹ (Platelet Count)
16. فاسٹنگ گلوکوز (Fasting Glucose)
17. لپڈ پروفائل (کولیسٹرول اور ٹرائی گلیسرائیڈز)
18. ای سی جی (ECG-Electrocardiogram)
19. ایگزیکٹو میڈیکل اسپیشلسٹ کا معائنہ

## پروڈکٹ چارجز:

| چارجز | رقم / فیصد/تفصیل |
|---|---|
| ایڈمنسٹریشن چارج | سالانہ 2,880روپے<br>(8% کی شرح سے انڈیکس کیا جائے گا) |
| بڈ/آفر اسپریڈ | 5% |
| انویسٹمنٹ مینجمنٹ چارج | سالانہ 1.5% |
| اضافی وکالت الاستصمار فیس | ویریئنٹ A (5 سالہ پلان): اگر ممبرشپ تیسری کنٹری بیوشن الاٹ ہونے سے پہلے مکمل طور پر ان کیش کروالی جائے تو پہلے دو سال کی کل کنٹری بیوشن کی کیش ویلیو پر ہر سال 50% فیس عائد ہوگی۔<br>ویریئنٹ B (10 سالہ پلان): اگر ممبرشپ دوسری کنٹری بیوشن الاٹ ہونے سے پہلے مکمل طور پر ان کیش کروالی جائے تو پہلے سال کی کل کنٹری بیوشن کی کیش ویلیو پر 50% فیس عائد ہوگی۔ |

## ڈسکلیمر:

- یہ پروڈکٹ ای ایف یو لائف—ونڈو تکافل آپریشنز کے تحت انڈر رائٹ کی گئی ہے۔ یہ فیصل بینک لمیٹڈ ("بینک") یا اس کی کسی ذیلی کمپنی کی طرف سے جاری یا گارنٹی شدہ نہیں ہے اور نہ ہی یہ بینک کا پروڈکٹ ہے۔
- بینک صرف ای ایف یو لائف—ونڈو تکافل آپریشنز کی جانب سے کارپوریٹ تکافل ایجنٹ اور ڈسٹری بیوٹر کے طور پر کام کر رہا ہے۔
- فنڈ کی سابقہ کارکردگی مستقبل کی کارکردگی کی ضمانت نہیں ہے۔ کوئی بھی پیش گوئی لازمی طور پر مستقبل کے نتائج یا فنڈ کی کارکردگی کی عکاسی نہیں کرتی اور نہ ہی ای ایف یو لائف ونڈو تکافل آپریشنز اور نہ ہی بینک اس سلسلے میں کسی قسم کی ذمہ داری قبول کریں گے۔
- فوائد کی ذاتی نوعیت کی وضاحت آپ کو ہمارے نمائندے کی طرف سے فراہم کی جائے گی۔ براہ کرم شرائط وضوابط کی تفصیلی سمجھ کے لیے اس وضاحت کے ساتھ دی گئی نوٹسز کو ملاحظہ کریں۔
- ٹیکسز کا اطلاق متعلقہ حکام کے وضع کردہ قوانین کے مطابق ہوگا۔
- کنٹریکٹ کے کام کرنے کا طریقہ شرکاء کی ممبرشپ دستاویزات میں درج ہے۔ یہ بروشر صرف پروڈکٹ کی خصوصیات اور فوائد کا ایک عمومی خاکہ پیش کرتا ہے۔
- کسی بھی سروس سے متعلق شکایات کے لیے آپ ایف بی ایل کانٹیکٹ سینٹر (021-111060606) پر کال کر سکتے ہیں یا اپنے قریبی ایف بی ایل برانچ سے رابطہ کر سکتے ہیں۔
- اگر آپ کو اپنی تکافل ممبرشپ سے متعلق کوئی شکایت ہو تو آپ ای ایف یو لائف—ونڈو تکافل آپریشنز سے (021-111-338-436 / 021-111-EFU-HEM) پر رابطہ کر سکتے ہیں۔